(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِنْ بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِیِّ وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ۔ لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چوہدری

ہدیہ .... =/200 روپے

7 غزنی

نے امام صادقؑ کو دیکھا کہ پورے مشرق و مغرب میں چھائے ہوئے ہیں اور آپ کے علاوہ کسی چیز کو میں نے نہ دیکھا اور حضرت نے مجھے نجات دی اور نکال لیا۔

مقام محبِ اہل بیتؑ

(۲۳/۳۹۳) علی بن اسباطؒ کتاب نوادر اور ابو عمر اور کشیؒ اپنی کتاب میں عبید بن زرارہ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے۔ میں امام صادقؑ کی خدمت میں شرفیاب ہوا تو اس وقت علباق یعنی ابو عباس حضرت کے پاس موجود تھا۔ میں نے عرض کیا کہ ایک شخص بنو امیہ کو دوست رکھتا ہے کیا وہ بھی ان کے ساتھ ہے؟ امام نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کیا کہ ایک شخص آپؑ کو دوست رکھتا ہے کیا وہ آپؑ کے ساتھ ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! میں نے عرض کیا: اگرچہ وہ زنا کار اور چور ہی کیوں نہ ہو؟ راوی کہتا ہے امام نے علباق کی طرف دیکھا کہ وہ متوجہ نہیں ہے تو میری طرف سر کے ساتھ اشارہ کر کے فرمایا: ہاں!

(الکشی: ۳۳۶ حدیث ۶۱۷، بحارالانوار: ۶۸/۱۱۳ حدیث ۲۹ بحوالہ علی بن اسباط: ۱۸)

(۲۳/۳۹۳) سید ہاشم بحرانی قدس سرہ کتاب معالم الزلفیٰ میں آیہ شریفہ

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ○ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (سورہ غاشیہ: آیت ۲۵، ۲۶)

بے شک ان کی بازگشت ہماری طرف ہے

”بے شک ان کی بازگشت ہماری طرف ہے اور بے شک ان کا حساب ہمارے ذمہ ہے“

کی تفسیر میں امام صادق علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں کہ آپؑ نے فرمایا: جب خدا لوگوں کو ایک وسیع مکان میں جمع کرے گا تو ہمارے شیعوں کے حساب میں دیر کرے گا۔ ہم خدا سے عرض کریں گے: اے خدا! یہ ہمارے شیعہ ہیں۔ اس وقت خدا تبارک و تعالیٰ فرمائے گا:

قَدْ جَعَلْتُ أَمْرَهُمْ إِلَيْكُمْ وَقَدْ شَفَّعْتُكُمْ فِيهِمْ وَغَفَرْتُ لِمُسِيئِهِمْ أَدْخِلُوهُمُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ